# کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک

## نیلام عام منڈی مویشیاں

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک اپنے علاقے میں منڈی مویشیاں جس کی مدت عید الضحیٰ کے تیسرے دن تک ہوگی۔ جس کا نیلام عام مورخہ 16 جون 2022 بوقت 01:00 PM ہوگا، اگر کسی ناگزیر وجوہات کی بنا پر اس دن نیلام نہ ہوسکا تو مورخہ دوبارہ نیلام مورخہ 17 جون 2022 کو اور اگر اس دن بھی نہ ہوسکا تو سہ بارہ مورخہ 20 جون 2022 کو منعقد ہوگا۔

## مختصر شرائط و ضوابط درج ذیل ہیں

01) بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ -/Rs 100,000 (ایک لاکھ روپے) پے آرڈر / کال ڈپازٹ کی صورت میں جمع کروانے ہونگے۔ بولی میں حصہ لینے کے لئے اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا ہوگا۔

02) کامیاب بولی دہندہ بولی کا 1/4th حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا جو کہ بطور سیکیورٹی جمع کی جائیگی اور ٹھیکے کی مدت کے کامیاب اختتام پر واپس کر دی جائیگی ور بولی کی کل رقم بورڈ کی منظوری کے فورا بعد جمع کرانا ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ سیکیورٹی کی رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

03) کامیاب بولی دہندہ بورڈ کی منظوری کے بعد 24 گھنٹے کے اندر بولی کی کل رقم بمعہ انکم ٹیکس جمع کرانے کا پابند ہوگا جمع نہ کرنے کی صورت میں سیکورٹی ڈپوزٹ کی رقم بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی اور ٹھیکہ منسوخ کر کے دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کودے دیا جائے گا۔ ناکام بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبر پر بولی دینے والے بولی دہندہ کے پے آرڈر واپس کردیئے جائیں گے۔

04) کامیاب بولی دہندہ کو مروجہ قوانین کے تحت انکم ٹیکس / دیگر ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔

05) کامیاب بولی دہندہ فی جانور کے حساب سے مندرجہ ذیل نرخ وصول کرنے کا پابند ہوگا۔

| نمبر شمار | جانور | منظور شدہ نرخ |
|---|---|---|
| 1 | بکرا / بکری / بھیڑ / دنبہ | Rs. 500 فی جانور |
| 2 | گائے / بیل / بچھیا / اونٹ / بھینس | Rs.1000 فی جانور |

06) غیر ملکی شہریت کے حامل افراد یا کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ یا کسی بھی صوبائی یا وفاقی حکومتی ادارے سے بلیک لسٹ (Black List) قرار دیا جاچکا ہو اور کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔ کنٹونمنٹ بورڈ کو PPRA Rules -33 کے تحت یہ حق حاصل ہوگا کہ کوئی بھی بولی مسترد کردے۔

07) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کی تاریخ سے 03 یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر "تحریری معاہدہ" لازما جمع کرانا ہوگا۔

08) نوٹس ھذا کو PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.org.pk)، کینٹ بورڈ کورنگی کریک کی ویب سائٹ (www.cbkorangicreek.gov.pk) اور فیس بک پیج (facebook com /cbkc creek) پر بھی ملاحظہ کیاجاسکتا ہے۔

09) دیگر شرائط و ضوابط دفتری اوقات کے دوران دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

ایگزیکٹیو آفیسر
کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک

CamScanner